عاشور کي وه رات وه سنّاٹے کا عَالم

عاشور کي وه رات وه سنّاٹے کا عَالم
فطرت کي خموشي ميں فرشتوں کا وه ماتم
سويا هوا رن ميں اسد الله کا ضيغم
اور خون ميں ڈوبا هوا اِسلام کا پرچم
عبّاس تجهے اهلِ وفاء ياد کرينگے

ديکهي نہ گئي بچّوں کي جب تشنه دهاني
اُنکهوں ميں کهٹکنے لگي موجوں کي رواني
پاني کے لیئے اپنا لهو کر دِيا پاني
بچپن په سکينه کے فِداء کردي جواني
عبّاس تجهے اهلِ وفاء ياد کرينگے

قبضے میں تھي تلوار کے قبضے میں خدائي
دو ھاتھ چلي تھي کہ ترائي نظر آئي
بھائي کي وغا دور سے دیکھا کِیا بھائي
کیا شانِ وفاء تونے وفادار دِکھائي
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے

ناکام ھوئي دشمنوں کي کوشِشیں پَیھم
گِرنے نہ دِیا خاك پہ اِسلام کا پرچم
جب تک رھي جان جسم میں اور سینے میں رھا دم
ریتي پہ ڈُھلاتا رھا اِسلام کا ضَیغم
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے

دُنیا سے گیا شان وفاؤں کي دِکھاکر
پاني نہ پیا پھینك دِیا سامنے لاکر
گھوڑے سے گِرا خاك پہ شانوں کو کٹاکر
سویا بھي تو سوئي ھوئي مِلّت کو جگاکر
عبّاس تجھے اھلِ وفاء یاد کرینگے